# نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کتنے چچاؤں نے اسلام قبول کیا؟

**مجیب:** مولانا عبدالرب شاکر عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-2276

**تاریخ اجراء:** 04جمادی الثانی1445ھ/18دسمبر2023ء

## دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

ابو طالب کیا مسلمان تھے؟ اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے چچاؤں میں سے کس کس نے ایمان قبول کیا تھا؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم کے چچا ابو طالب کا ایمان لانا ثابت نہیں، بلکہ صحیح احادیث سے انکار ثابت ہے، صحیح حدیث پاک میں صراحت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مدد کرنے پر ان کو جہنم کا کم عذاب دیا جائے گا۔

حضورِ اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے چچاؤں کی تعداد میں مؤرخین کا اختلاف ہے۔ بعض کے نزدیک ان کی تعداد نو، بعض نے کہا کہ دس اور بعض کا قول ہے کہ گیارہ، مگر "صاحبِ مواہبِ لدنیہ" نے "ذخائرُ العقبيٰ في مناقب ذوي القربيٰ" سے نقل کرتے ہوئے تحریر فرمایا کہ:

آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے والد ماجد حضرت عبد اللہ رضی اللہ عنہ کے علاوہ عبد المطلب کے بارہ بیٹے تھے جن کے نام یہ ہیں:

1-حارث۔2-ابو طالب۔3-زبیر۔4-حمزہ۔5-عباس۔6-ابو لہب۔7-غیداق۔8-مقوم۔9-ضرار۔10-قثم۔11-عبد الکعبہ۔12-حجل۔

**ان میں سے صرف حضرت حمزہ اور حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے اسلام قبول کیا۔**

ذخائر العقبی فی مناقب ذوی القربی میں ہے "کان لہ اثنا عشر عما بنو عبد المطلب أبوہ صلی اللہ علیہ وسلم ثالث عشرھم: الحارث وأبو طالب واسمہ عبد مناف والزبیر ویکنی أبا الحارث وحمزۃ وأبو

لھب واسمہ عبدالعزی والغیداق والمقوم وضرار والعباس وقثم وعبدالکعبۃ وحجل ویسمی المغیرۃ۔۔۔ولم یسلم غیر حمزۃ والعباس" ترجمہ: نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم کے چچا جو کہ حضرت عبد المطلب کے بیٹے ہیں، وہ بارہ تھے، اور حضور علیہ الصلاۃ والسلام کے والد، حضرت عبد المطلب کے تیرویں بیٹے تھے، (حضور علیہ الصلاۃ والسلام کے بارہ چچا یہ ہیں)۔۔: (1) حارث (2) ابو طالب، ان کا نام عبد مناف ہے (3) زبیر، اس کی کنیت ابا الحارث ہے (4) حمزہ (5) ابو لھب، اس کا نام عبد العزی ہے (6) غیداق (7) مقوم (8) ضرار (9) عباس (10) قثم (11) عبد الکعبہ (12) جحل، اسے مغیرہ بھی کہتے ہیں۔ ان میں سے حضرت حمزہ و عباس رضی اللہ تعالی عنھما کے علاوہ کوئی بھی اسلام نہیں لایا۔ (ذخائر العقبی فی مناقب ذوی القربی، ص 172،171، دار الکتب المصریۃ)

شیخ الحدیث علامہ عبد المصطفی اعظمی رحمۃ اللہ تعالی علیہ فرماتے ہیں: "حضورِ اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے چچاؤں کی تعداد میں مؤرخین کا اختلاف ہے۔ بعض کے نزدیک ان کی تعداد نو، بعض نے کہا کہ دس اور بعض کا قول ہے کہ گیارہ مگر صاحب مواہب لدنیہ نے "ذخائر العقبیٰ فی مناقب ذوی القربیٰ" سے نقل کرتے ہوئے تحریر فرمایا کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے والد ماجد حضرت عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے علاوہ عبد المطلب کے بارہ بیٹے تھے جن کے نام یہ ہیں: (۱) حارث (۲) ابو طالب (۳) زبیر (۴) حمزہ (۵) عباس (۶) ابو لھب (۷) غیداق (۸) مقوم (۹) ضرار (۱۰) قثم (۱۱) عبد الکعبہ (۱۲) جحل۔ ان میں سے صرف حضرت حمزہ و حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے اسلام قبول کیا۔ (سیرت مصطفی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم، ص 699،700، مکتبۃ المدینہ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net